پاکستان میں طب و صحت اور متعلقہ امور پر علوم اسلامیہ کے تحقیقی مقالات کا توضیحی اشاریہ و شماریاتی جائزہ

Theses & Dissertations of Islamic Studies from Pakistan on Health, Tibb/ Medical Science & related issues: A Descriptive Index & Bibliometric Review

Dr. Saeed-ur-Rahman
Assistant Professor, Department of Islamic Studies, Abdul Wali Khan University, Mardan
Email: saeed@awkum.edu.pk

Dr. Raiz Ahmed Saeed
Lecturer, Department of Islamic Studies, National University of Modern Languages, Islamabad
Email: riazussaeed@gmail.com

Rauf Ahmed
Librarian, Muhammad Hamidullah Library, Islamic Research Institute, International Islamic University, Islamabad
Email: rauf.ahmed@iiu.edu.pk

ISSN (P):2708-6577
ISSN (E):2709-6157

Abstract
Religious leaders, faith-based organizations, and communities play major role in creating health care awareness, reducing illnesses and in this way they are saving precious lives of humankind. They are the primary source of support, comfort, guidance in health care and social service for the communities. Different religions and religious communities have been sharing health care information throughout the history to protect their own members and wider communities, which are more likely to be accepted by other health and medical sources. They are providing spiritual support during public health emergencies, pandemic and other health challenges. In this context, Islam is the most influential religion of the world that provides spiritual, moral and physical support to his followers specially and generally to all humanity on this important issue. Academicians are also part of this human oriented campaign. We observe, a good number of thesis have been written in Pakistani higher educational institutions on this subject from Islamic perspective. In this study a comprehensive index of 177 Urdu thesis (1953-2020) is presented which are related to creation of human beings, permissible & non-permissible foods, nutrition & medicines, personal hygiene & health care, environmental protection, public health, medical ethics & regulations, traditional medicines of the Prophet & Hijama, current medical, scientific & juristic issues i.e. test-tube baby & other modern fertility techniques/ procedures, current reproductive health issues, family planning & population welfare, organs transplant, cloning, cosmetic measures /surgical procedures, medical crime investigation & mercy killing) rehabilitation & care of the special i.e. physically challenged persons and epidemic & communicable diseases. The Quantitative research methodology is adopted in this study with Bibliometric review.

Keywords: Research Dissertations, Islamic Studies, Pakistani Universities, Health, Food & Medical issues, Index, Bibliometric Review.

تمہید

اسلام دین فطرت ہونے کے لحاظ سے مختلف شعبہ ہائے زندگی کے بارے میں بڑی مناسب اور پُر حکمت رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ اسلام صحت و توانائی کو بڑی اہمیت دیے کیونکہ ایک صحت مند و توانا آدمی ہی بہتر انداز میں اپنی دینی و دنیوی ذمہ داریاں بہتر انداز میں سرانجام دے سکتا ہے۔

قرآن مجید میں انبیا اکرام کی دعوتی اور جہادی سرگرمیاں یہ بھی ظاہر کرتی ہیں کہ وہ جسمانی طور پر اس قابل تھے کہ یہ کام سرانجام دے سکے۔ احادیث میں صحت مند مؤمن کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔صحت وتندرستی اللہ تعالی کی بہت بڑی نعمت ہے۔یہ نعمت جتنی بڑی ہے اتنی ہی عام بھی ہے۔اللہ تعالی کی بے شمار مخلوقات اس سے بہرہ یاب ہیں۔صحت وتندرستی اس دنیامیں کسی بھی جان دار کی اصل حالت ہے۔مرض اور بیماری اس کے لیے ایک عارض کی حیثیت رکھتی ہے یا استثنائی صورت کی۔انسان بھی بالعموم سالم اور تندرست پیدا ہوتا ہے[1]۔اللہ تعالیٰ کی پہلی صفت جو قرآن کریم کی پہلی آیت میں بیان کی گئی ہے، رب العالمین ہے۔یعنی تمام جہانوں کا پیدا کرنے والا، پرورش کر کے درجہ بدرجہ اعلیٰ مقام ترقی پر پہنچانے والا ہے۔جہاں تک اس صفتِ ربوبیت کا نوعِ انسان سے تعلق ہے، اس میں انسان کی جسمانی اور روحانی دونوں ترقیاں شامل ہیں۔انسانی جسم اور روح میں سے ایک کی صحت مندی یا علالت دوسرے پر اچھا یا برا اثر ڈالتی ہے اور اس کی ترقی میں معاون یا مزاحم ہوتی ہے[2]۔

زیر تحقیق مقالہ کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔پہلے حصے میں طب وصحت سے متعلق پاکستان کی مختلف جامعات میں پیش کیے جانے والے پر ایم اے، بی ایس، ایم فل اور پی ایچ ڈی مقالات کی فہرست کو مختلف موضوعات کے تحت تحریر کیا گیا ہے۔دوسرے حصے میں ان سندی مقالہ جات کا مختلف پہلوؤں سے شماریاتی جائزہ لیا گیا ہے تاکہ اہلِ علم وتحقیق کے لیے ان تک رسائی اور استفادہ آسان ہو سکے نیز تحقیقی موضوع کے انتخاب اور خاکہ تحقیق میں تکرار سے بچا جا سکے۔ اس مضمون میں ممکنہ طور پر ہر اس اردو مقالے کا اندراج کیا گیا ہے جو کسی بھی حوالے سے طب وصحت، اغذیہ وادویہ یا متعلقہ امور سے متعلق ہو جن میں تخلیقِ انسانی ،اکل وشرب میں حلال وحرام، طہارت ونظافت، حفظانِ صحت ،ماحولیاتی تحفظ، صحتِ عامہ، طبی اخلاقیات وضوابط، طب نبوی ﷺ، جدید میڈیکل سائنس، جدید طبی فقہی مسائل جیسے ٹیسٹ ٹیوب بے بی، حصولِ اولاد کے دیگر معاصر ذرائع، جدید مسائل زچہ وبچہ، حمل ورِحم، ضبط تولید، خاندانی منصوبہ بندی، بہبود آبادی ، اعضاء کی پیوندکاری ، عملِ استنساخ، غیر طبعی موت یا قتلِ رحم اور اسی طرح خصوصی افراد کی بحالی ودیکھ بھال، موذی ومہلک، وبائی یا متعدی امراض اور دیگر متعلقہ موضوعات کا اسلامی وشرعی تناظر میں احاطہ کیا گیا ہو۔

اسلوب تحقیق

زیر نظر مقالہ میں پاکستان بھر کی جامعات کے زیر اہتمام پاکستان میں طب وصحت اور متعلقہ موضوعات پر لکھے جانے والے تحقیقی مقالات کا اشاریہ اور شماریاتی جائزہ پیش کیا گیا ہے ۔مقالے میں پاکستان کی 35 جامعات وکالجوں کے 1953 سے 2020ء تک تکمیل شدہ یا زیر تحقیق ایم اے، بی ایس، ایم فل اور پی ایچ ڈی مقالات کو شامل کیا گیا ہے۔ حصولِ معلومات کے لیے مقالات، فہارس، کتب، انٹرنیٹ، جامعات کی ویب سائٹس، متعلقہ طلبہ اور اساتذہ سے مواد حاصل کیا گیا ہے۔ہر مقالے میں ممکنہ طور پر ان معلومات کا اندراج کیا گیا ہے: مقالے عنوان، ڈگری پروگرام، مقالہ نگار کا نام، نگران کا نام، شعبہ کا نام، جامعہ کا نام، شہر کا نام، مقالات کے مکمل ہونے کا سال وغیرہ۔اس مطالعہ میں مقداری اسلوبِ تحقیق (Quantitative Research Methodology) کو اختیار کیا گیا ہے جب کہ بعض مقامات پر معیاری اسلوب تحقیق (Qualitative Research Methodology) کو بھی بروئے کار لایا گیا ہے۔ ذیلی مناہج میں تجزیاتی اور وصفی مناہج سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔اس اسلوبِ تحقیق کو ببلیو میٹرک اسلوب تحقیق (Biblometric Approach) کا نام دیا جاتا ہے جو عام طور پر لائبریری سائنسز میں مختلف رجحانات، جہات اور فروق کو جاننے اور سمجھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ مقالے میں مائیکروسافٹ ایکسل سافٹ ویر کو شماریاتی معلومات کا تجزیہ کرنے اور نتائج اخذ کرنے میں استعمال کیا گیا ہے۔

سابقہ تحقیقی کام کا جائزہ

دنیا بھر میں علمی مختلف رجحانات کو جاننے کے لیے مقالہ جات اور سٹڈیز جائزہ لینے کے لیے شماریاتی تحقیق کی جاتی ہے۔ اس حوالے سے 1970ء میں جین پیئر اور وی۔ ایم۔ ہیر وبل نے پرڈیو یونیورسٹی، امریکہ کے شعبہ فلسفہ کے 51 مقالات کا شماریاتی جائزہ پیش کیا ہے۔ اس طرح او کی۔ آر بی نے 2003ء میں نائیجیریا کی ڈیلٹا سٹیٹ یونیورسٹی میں شعبہ علم التعلیم کے 70 مقالات کا شماریاتی جائزہ پیش کیا ہے۔ ترکی کی انقرہ یونیورسٹی سے نازان اوکاک نے 391 ایم فل اور پی ایچ-ڈی مقالات کا شماریاتی جائزہ پیش کیا ہے۔ اس تحقیق کا بنیادی مقصد بین الکلیات فروق اور رجحانات کو جاننا تھا۔ ریحانہ عبد اللہ اور اسمک عبد الرحمن نے اپنے مقالے میں Jurnal Syariah کے 1993ء سے 2007ء تک کے شائع ہونے والے شماروں کا شماریاتی مطالعہ کیا۔ مصنفین نے درجہ ذیل نتائج اخذ کیے:

زیادہ تر مصنفین نے انفرادی طور پر ملائی زبان میں لکھا اور مقالات کے زیادہ تر حوالہ جات کتابوں سے لیے گئے۔ انڈیا میں روندرا کمار اور منیشا نے اپنے مقالے میں وکرم یونیورسٹی کے 1975ء سے 2007ء تک کے 55 پی ایچ ڈی مقالات کا شماریاتی تجزیہ کیا۔ ان کے تجزیے میں بتایا گیا کہ مرد مقالہ نگار کی تعداد زیادہ اور حوالہ جات کی 80 فی صد کتب پر مشتمل ہے۔ نیلما اور روندرا کمار نے سوشیالوجی کے 47 پی ایچ ڈی مقالات کے 234 حوالہ جات کا تجزیہ کیا جس کے مطابق سب سے زیادہ حوالہ جات 172، 1842 مقالہ نگاران کے کام کا حوالہ دیا گیا اور دیگر جہات کا ذکر کیا گیا ہے۔ نیلو فر نشاط اور دیگر نے کولکتہ یونیورسٹی کے لائبریری سائنس کے ایم فل کے 2004ء تا 2016ء کے 136 مقالات کا تجزیہ کیا اور بتایا کہ مقالات اور ان کے حوالہ جات پر بڑھوتری کا رجحان رہا۔ انفارمیشن سروسز، آئی سی ٹی اور ببلیو میٹرکس کے موضوعات پر زیادہ کام کیا گیا [3]۔ دنیا بھر کی باقی جامعات کی طرح پاکستان میں بھی یہ کام جاری و ساری ہے۔ رفیع الدین قریشی نے 2008 میں دنیا بھر کی 81 جامعات میں اردو زبان و ادب سے متعلق سندی مقالات کی فہرست مرتب کی [4]۔ ڈاکٹر سعید الرحمٰن نے ۲۰۱۷ء میں پاک وہند کی ۱۰۰ جامعات میں لکھے گئے علومِ اسلامیہ کے اردو مقالات کا اولین توضیحی اشاریہ تحقیقاتِ اسلامیات کے نام سے پیش کیا ہے [5]۔ شاہانہ مریم شان نے 2010 میں ہندوستان کی یونیورسٹیوں میں اردو تحقیق کے عنوان سے کتاب مرتب کی۔ جس میں ہندوستان کی ساٹھ یونیورسٹیوں کے تحقیقی اور زیر تحقیق ایم فل، پی ایچ ڈی اور ڈی لٹ کے مقالات کی فہرستوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ ساٹھ یونیورسٹیوں کے پی ایچ ڈی اور بارہ یونیورسٹیوں کے ایم فل کے مقالات کی فہرستیں اس میں شامل ہیں۔ چند ڈی لٹ مقالات کو بھی شامل کیا گیا ہے [6] ماہنامہ محدث نے پاکستانی یونیورسٹیوں میں علوم حدیث اور سیرت النبیؐ پر لکھے گئے مقالات: ایم-اے، ایم-فل، پی ایچ-ڈی کی سطح پر لکھے جانے والے تحقیقی مقالات کی موضوعاتی فہرست مرتب کی ہے [7]۔ پروفیسر ڈاکٹر طاہرہ بشارت نے اپنی زیرِ نگرانی میں ایم اے سطح پر کچھ مقالہ جات مکمل کروائے ہیں [8]

شماریاتی جائزہ کے حوالے سے ڈاکٹر ریاض احمد سعید، ڈاکٹر سعید الرحمن اور رؤف احمد کا مشترکہ مقالہ بعنوان "پاکستانی جامعات میں سامی مذاہب پر علومِ اسلامیہ کے (ایم فل ،پی ایچ ڈی) اردو مقالات (1985-2020ء) کا اشاریہ و شماریاتی جائزہ" بھی ایک منفرد کوشش ہے جو پاکستان سوسائٹی آف ریلیجنز کے زیر اہتمام شائع ہونے والے تحقیقی مجلے الملل کے شمارہ جنوری تا جون ۲۰۲۰ء میں شائع ہو چکا ہے۔ [9] ایک اور تحقیقی مقالہ شش ماہی مجلہ اسلامی الٰہیات میں 2020ء شائع ہو چکا ہے [10]۔ جب کہ " پاکستانی جامعات میں سامی اور غیر سامی مذاہب مشترک عنوانات پر علوم اسلامیہ کے (ایم فل ،پی ایچ ڈی) اردو مقالات (1985-2020ء) کا اشاریہ اور شماریاتی جائزہ،" کے نام سے مقالہ شش ماہی مجلہ المیزان میں شائع ہونے کے لیے زیر طبع ہے۔

یہ بات بھی قابل غور ہے کہ دنیا بھر میں مختلف سندی مقالات کا شماریاتی اور تجزیاتی مطالعہ کیا جاتا ہے۔ تاہم اس میں مقالات کی فہارس کو تحقیق مقالہ کا حصہ نہیں بنایا جاتا صرف شماریاتی تجزیہ پیش کیا جاتا ہے اور وہ بھی انگریزی اور دوسری مغربی زبانوں میں۔ پاکستان و ہند میں اس

حوالے سے جو کام ہوا وہ سندی مقالات کی صرف فہارس کو موضوع کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے۔ موجودہ مقالہ اس اعتبار سے منفرد ہے اس میں 175 سندی مقالات کی فہارس کے ساتھ شماریاتی تجزیہ بھی پیش کیا گیا ہے۔

زیر بحث تحقیقی مقالات کا اشاریہ (Index of Theses/ Dissertations)

الف)۔ تخلیقِ انسانی اور اسلامی تعلیمات (Creation of Human Beings & Islamic Teachings)

1. تخلیق انسانی، اسلام اور سائنسی انکشافات ایک تقابلی جائزہ [MPhil]، مقالہ نگار: محمد قاسم، نگران: ڈاکٹر ایس ایم شریف، شعبہ علوم اسلامیہ، رفاہ انٹر نیشنل یونیورسٹی، فیصل آباد کیمپس، فیصل آباد، سیشن: خزاں ۲۰۱۳ء (تکمیل شدہ)
2. تخلیقِ انسانی اور منتخب اردو تفسیری ادب [BS]، مقالہ نگار: وانیہ سعید، نگران: سیدہ سعدیہ، شیخ زاید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۲۰۱۳ء (یہ مقالہ SZIC لاہور لائبریری میں دستیاب ہے)
3. جنین میں نفخ روح کا تصور: فقہی اور سائنسی افکار کا تجزیاتی واطلاقی مطالعہ [MPhil]، مقالہ نگار: محمد احمد رضا، نگران: پروفیسر ڈاکٹر سعید الرحمٰن، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، سیشن: بہار ۲۰۱۵ء-۲۰۱۷ء (مکمل)
4. قرآن حکیم کا موضوعاتی مطالعہ (انسان کی تخلیق وترکیب) کتب تفاسیر کی روشنی میں [MPhil]، مقالہ نگار: محمد لطیف خان، نگران: پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی، شعبہ قرآن وتفسیر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد، سیشن ۲۰۱۰ء-۲۰۱۲ء، تاریخ مناقشہ: ۱۶ اگست ۲۰۱۴ء (ص ۲۶۶)

ب)۔ اغذیہ وادویہ / اکل وشرب میں حلال وحرام (Permissible & Non-Permissible Foods, Nutrition & Medicies)

5. اسلام کی مجوزہ اور ممنوعہ غذاوں کی سائنسی تحقیق [MA]، مقالہ نگار: محمد جاوید اقبال، نگران: محمد الیاس اعظمی، شعبہ علوم اسلامیہ، کالج آف شریعہ اینڈ اسلامک سائنسز، منہاج یونیورسٹی، لاہور، سیشن ۲۰۱۵ء
6. اسلام میں حرام وحلال کے اصول اور اس کے طبی اثرات [MA]، مقالہ نگار: ہما اختر، نگران: ڈاکٹر حمید اللہ عبد القادر، ادارہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۹۰ء
7. اغذیہ وادویہ میں الکوحل کے استعمال کی شرعی حیثیت [MPhil]، مقالہ نگار: بسمہ اشرف، نگران: پروفیسر ڈاکٹر حافظ عبد الباسط خان، شیخ زاید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، سیشن ۲۰۱۷ء-۲۰۱۹ء (زیر تحقیق)
8. الہامی ادیان میں حرمتِ شراب کا تقابلی جائزہ اور پاکستانی قانون [MPhil]، مقالہ نگار: زرینہ حفیظ، نگران: ڈاکٹر عبد الرشید قادری، شعبہ علوم اسلامیہ، دی یونیورسٹی آف لاہور، لاہور کیمپس، لاہور (تکمیل شدہ)
9. الہامی مذاہب میں تصور حلال وحرام اور اس کے طبی اثرات [MPhil]، مقالہ نگار: ضیاء الدین، نگران: ڈاکٹر مسعود احمد مجاہد، فیکلٹی علوم اسلامیہ وشریعہ، منہاج یونیورسٹی، لاہور، ۲۰۰۹ء (تکمیل شدہ)
10. پھلوں اور سبزیوں پر زہریلی ادویات کا استعمال: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں [BS]، مقالہ نگار: میمونہ تیمور، نگران: ڈاکٹر نصرت جبین، شعبہ اسلامیات، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ اسلامیہ کالج فار ویمن، کوپر روڈ، لاہور، سیشن ۲۰۱۲ء-۲۰۱۶ء
11. جانوروں کی حلت وحرمت کے اصول: اختلاف الفقہاء کی روشنی میں [MPhil]، مقالہ نگار: عین الہدیٰ بن غلام نصیر الدین، نگران: ڈاکٹر ممتاز الحسن باردی، فیکلٹی علوم اسلامیہ وشریعہ، منہاج یونیورسٹی لاہور، سیشن: ۲۰۱۷ء (خزاں)

12. جانوروں کے حقوق اوران سے متعلق مسائل واحکامات کا تحقیقی جائزہ[MPhil]، مقالہ نگار: محمد سمیع اللہ بن عبد الخالق، نگران: ڈاکٹر حافظ محمد نصر اللہ خان، شعبہ علومِ اسلامیہ (فاصلاتی نظام)، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاول پور، سیشن : بہار ۲۰۱۳ء-۲۰۱۵ء(تکمیل شدہ)

13. حرام حیوانی اجزاء کے استعمالات اور فقہ اسلامی[PhD]، مقالہ نگار: مبشر حسین بن اختر حسین، نگران: پروفیسر ڈاکٹر محمد سعد صدیقی، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، سن تکمیل ۲۰۱۱ء

14. حصولِ لحم کے معاصر طریقوں کی شرعی حیثیت: تحقیقی جائزہ[MPhil]، مقالہ نگار: عقیل احمد، نگران: ڈاکٹر عبد الباسط خان، شیخ زاید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۲۰۱۲ء(SZIC لاہور لائبریری میں دستیاب)

15. حلال اور حرام غذاؤں کے انسانی زندگی پر اثرات: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں [MPhil]، مقالہ نگار: ثمینہ تبسم، نگران: ڈاکٹر علی اکبر الازہری، شعبہ علومِ اسلامیہ، دی یونیورسٹی آف لاہور، لاہور کیمپس، لاہور (تکمیل شدہ)

16. حیوانات کی حلت و حرمت: یہودیت، عیسائیت اور اسلام کا تقابلی جائزہ [MPhil]، مقالہ نگار: عظمیٰ صدیق، نگران: ڈاکٹر سید از کیاء ہاشمی، شعبہ علومِ اسلامیہ ودینیہ، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ، سنِ داخلہ ۲۰۱۲ء

17. ذبح سے پہلے عملِ تدویخ(Stunning) اور معاصر تحقیقات: ایک شرعی جائزہ[MPhil]، مقالہ نگار: نبیل احمد خان، نگران: ڈاکٹر حافظ عبد الباسط خان، شیخ زاید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، سیشن: ۲۰۱۴ء(ص۱۷۵)PDF کاپی قابلِ رسائی

18. شریعت میں حرام اشیاء کے طبی واخلاقی اثرات [BA Hons]، مقالہ نگار: زینب محمود، نگران: عظمیٰ صُفت، شعبہ عربی وعلومِ اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، لاہور، سنِ داخلہ ۲۰۱۱ء

19. طب یونانی میں مستعمل ادویات کا شرعی و تحقیقی مطالعہ [MPhil]، مقالہ نگار: محمد ذہیب، نگران: ڈاکٹر محمد عاطف اسلم راؤ، شعبہ علومِ اسلامی، کراچی یونیورسٹی، کراچی، سنِ تکمیل ۲۰۱۹ء

20. غذائی اشیاء میں حلال وحرام کا شرعی معیار[MPhil]، مقالہ نگار: گل احمد، نگران: ڈاکٹر صاحب زادہ باز محمد، شعبہ علومِ اسلامیہ، بلوچستان یونیورسٹی، کوئٹہ، سیشن ۲۰۱۴ء-۲۰۱۶ء

21. فارمنگ کے ذریعے پلنے والے جانوروں کی حلت وحرمت [MA]، مقالہ نگار: نورین نواز، نگران: پروفیسر ڈاکٹر محمد سعد صدیقی، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، سیشن ۲۰۱۲ء-۲۰۱۴ء

22. قرآن اور بائبل میں مذکور غذاؤں کی حکمت اور انسانی صحت پر اثرات: تقابلی جائزہ[MPhil]، مقالہ نگار: مریم ناز، نگران: ڈاکٹر عبد الرشید قادری، شعبہ علومِ اسلامیہ، دی یونیورسٹی آف لاہور، لاہور کیمپس، لاہور (تکمیل شدہ)

23. کتاب الاطعمہ والشربہ: سنن ابی داؤد کا تحقیقی مطالعہ [MA]، مقالہ نگار: شازیہ عبد الستار، نگران: پروفیسر ڈاکٹر محمد سعد صدیقی، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، سیشن ۲۰۱۲ء-۲۰۱۴ء

24. ماکولات (لحمیات) ومشروبات میں حرمت کی جدید صورتوں کا تحقیقی مطالعہ [MPhil]، مقالہ نگار: محمد صدیق، نگران: ڈاکٹر محمد عاطف اسلم راؤ، شعبہ علومِ اسلامی، کراچی یونیورسٹی، کراچی، داخلہ: ۲۰۱۸ء، منظوی: ۲۰۲۰ء(زیر تحقیق)

25. ماکولات، مشروبات، ادویات اور تجمیلیات (کاسمیٹیکس) سے متعلق حلال کا عالمی معیار شریعت کی روشنی میں ضرورت واہمیت، امکانات، مشکلات اور حل[PhD]، مقالہ نگار: عارف علی شاہ، نگران: ڈاکٹر حافظ اسماعیل عارفی، شعبہ اصول الدین، کلیہ معارفِ اسلامیہ، کراچی یونیورسٹی، کراچی (تکمیل شدہ)

26. مذاہبِ عالم میں احکامِ اکل وشرب: تقابلی مطالعہ [PhD]، مقالہ نگار: شہزاد احمد، نگران: پروفیسر ڈاکٹر غلام علی خان، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، سیشن ۲۰۱۵ء-۲۰۲۰ء، تاریخ منظوری: ۲۱ اگست ۲۰۱۷ء (زیر تحقیق)

27. ملٹی نیشنل کمپنیوں کی غذائی اشیاء- حلت وحرمت کے معیارات اسلام کی روشنی میں [MA]، مقالہ نگار: اسماء ارشد، نگران: ڈاکٹر غلام علی خان، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۲۰۱۳ء

28. نوسوڈوز/Nosodes (حرام اجزاء) کا ادویاتی استعمال اوران کی شرعی حیثیت [MPhil]، مقالہ نگار: محمد معصوم صدیقی، نگران: پروفیسر ڈاکٹر الطاف حسین لنگڑیال، شعبہ علومِ اسلامیہ (فاصلاتی نظام)، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور، سیشن ۱۳-۲۰۱۱ء

29. ہندومت، سکھ مت اوراسلام میں حلت وحرمتِ حیوانات کا تصور: تقابلی جائزہ [MPhil]، مقالہ نگار: غفورالرحمٰن، نگران: ڈاکٹر عرفان اللہ، شعبہ علومِ اسلامیہ وتحقیق، یونیورسٹی آف سائنس وٹیکنالوجی، بنوں، سیشن ۲۰۱۳ء-۲۰۱۵ء

ج)۔ طہارت ونظافت، حفظانِ صحت اور اسلام (Personal Hygiene, Health Care & Islam)

30. اسلام اور طہارت [MA]، مقالہ نگار: زوبیہ رشید، نگران: نجم الدین، شعبۂ علومِ اسلامیہ، گومل یونیورسٹی، ڈی-آئی خان، سیشن: ۲۰۰۰ء-۲۰۰۲ء

31. اسلام میں تعلیم جسمانی کی اہمیت وافادیت [MPhil]، مقالہ نگار: منیر حسین، نگران: ڈاکٹر محمد خان ملک، فیکلٹی علوم اسلامیہ وشریعہ، منہاج یونیورسٹی، لاہور، ۲۰۱۵ء (تکمیل شدہ)

32. تصور طہارت- مذاہب عالم کا جائزہ [MA]، مقالہ نگار: شفقت خورشید، نگران: ڈاکٹر طاہرہ بشارت، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۲۰۰۶ء

33. تصور طہارت ونظافت: سامی مذاہب کے افکار کا تقابلی مطالعہ [MPhil اسلامی فکر وثقافت]، مقالہ نگار: عنبرین، نگران: ڈاکٹر الطاف حسین لنگڑیال، اسلامک ریسرچ سنٹر، بہاءالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، سیشن ۱۸-۲۰۱۶ء (مکمل)

34. تعلیماتِ نبویؐ کی روشنی میں انسانی صحت کی اہمیت اور حفظانِ صحت کے اصول [PhD]، مقالہ نگار: شبانہ رشید، نگران: ڈاکٹر محمد انور خان پٹھان، شعبہ تقابل ادیان وثقافتِ اسلامیہ، سندھ یونیورسٹی، جام شورو، حیدرآباد (زیر تحقیق)

35. جسمانی صحت وسلامتی کے بنیادی اسلامی اصول اور طب جدید کا تقابلی جائزہ [MPhil]، مقالہ نگار: عزیز احمد بیگ، نگران: ڈاکٹر محمد عاطف اسلم راؤ، شعبہ علومِ اسلامی، کلیہ معارفِ اسلامیہ، کراچی یونیورسٹی، کراچی، سنِ تکمیل ۲۰۱۹ء

36. حفظانِ صحت کے اسلامی اصول [MA]، مقالہ نگار: شاہینہ سلطانہ، نگران: حافظ یار احمد خان، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۷۲ء

37. حفظان صحت کے اسلامی اصول اور جدید میڈیکل سائنس [MPhil]، مقالہ نگار: محمد الیاس، نگران: ڈاکٹر محفوظ احمد، شعبہ علومِ اسلامیہ وعربی، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد، سیشن ۲۰۰۵ء-۲۰۰۷ء (تکمیل شدہ)

38. حفظانِ صحت کے اِسلامی اصولوں کی سائنسی تحقیق [MA]، مقالہ نگار: محمد جاوید اقبال، نگران: سید افتخار شاہ، شعبہ علومِ اسلامیہ، کالج آف شریعہ اینڈ اسلامک سائنسز، منہاج یونیورسٹی، لاہور، سیشن ۲۰۱۷ء

39. حفظان صحت کے قرآنی اصول اور مقاصد: تحقیقی مطالعہ [MA]، مقالہ نگار: فیصل غوث، شعبہ علومِ اسلامیہ، گجرات یونیورسٹی، گجرات، سیشن ۲۰۱۲ء-۲۰۱۴ء

40. کھیل اور ورزش کا اسلامی تصور [MA]، مقالہ نگار: افتخار علیم غازی، نگران: ڈاکٹر امان اللہ خان، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی لاہور، ۱۹۸۶ء

41. لوازم حفظانِ صحت سے متعلق نبوی ﷺ اور جدید طب کا علمی و تقابلی جائزہ[MPhil]، مقالہ نگار: عابد رحیم، نگران: ڈاکٹر محمد عبداللہ عابد، شعبہ علوم اسلامیہ، قرطبہ یونیورسٹی، ڈیرہ اسماعیل خان، سیشن ۲۰۱۶-۱۸ء، تاریخ مناقشہ: ۲۸ دسمبر ۲۰۱۹ء (ص ۲۷۰)

42. منفی سوچ اور گناہ کے انسانی صحت پر اثرات: اسلام اور جدید میڈیکل سائنس کے تناظر میں تجزیاتی مطالعہ[MPhil]، مقالہ نگار: محمد غلام مصطفیٰ، کلیہ عربی و علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد، تاریخِ مناقشہ: ۱۹ نومبر ۲۰۲۰ء

43. نظافت و پاکیزگی کا اسلامی تصور[MA]، مقالہ نگار: ممتاز فاطمہ، نگران: پروفیسر ڈاکٹر ثمر فاطمہ، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۸۷ء

د)۔ ماحولیاتی تحفظ اور اسلام (Environmental Protection & Islam)

44. اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ماحولیاتی آلودگی کا انسداد[PhD]، مقالہ نگار: شیر علی، نگران: ڈاکٹر مدثر احمد، شعبہ علومِ اسلامیہ و عربی، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد، سیشن ۲۰۰۴ء-۲۰۰۷ء، سنِ تکمیل ۲۰۱۱ء

45. اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ماحولیاتی آلودگی کا تحقیقی جائزہ[MPhil]، مقالہ نگار: عبدالرحیم، نگران: پروفیسر ڈاکٹر عطاء الرحمٰن، شعبہ علومِ اسلامیہ، ملاکنڈ یونیورسٹی، چکدرہ، دیر (پائین)، سنِ تکمیل ۲۰۱۵ء

46. ماحولیاتی آلودگی اور اُس کا حل: قرآن و سنت کی روشنی میں[MS]، مقالہ نگار: غلام حسین بن محمد اعظم، نگران: ڈاکٹر منظور احمد الازہری، شعبہ علومِ اسلامیہ، ہائی ٹیک یونیورسٹی، ٹیکسلا

47. ماحولیاتی آلودگی اور اسلامی تعلیمات[MA]، مقالہ نگار: منظور احمد، نگران: پروفیسر ڈاکٹر غلام محمد جعفر، شعبہ علومِ اسلامیہ، بلوچستان یونیورسٹی، کوئٹہ، ۲۰۱۶ء

48. ماحولیاتی تحفظ: قرآن و سنت کی روشنی میں[MPhil]، مقالہ نگار: عالیہ اکبر، نگران: پروفیسر ڈاکٹر شمس البصر، شعبہ علوم اسلامیہ، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاول پور، سیشن ۲۰۰۵ء-۲۰۰۷ء (IUB سنٹرل لائبریری میں دستیاب)

49. ماحولیاتی مسائل اور ان کا حل[MPhil]، مقالہ نگار: افشاں نورین، نگران: ڈاکٹر فرحت نسیم علوی، شعبہ علومِ اسلامیہ، سرگودھا یونیورسٹی، سرگودھا، سنِ تکمیل ۲۰۱۳ء

ھ)۔ صحتِ عامہ اور اسلام (Public Health & Islam)

50. اسلامی ریاست کی صحتِ عامہ کی پالیسی: مقاصد شریعہ کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ [MPhil]، مقالہ نگار: محمد یاسین معاذ، نگران: پروفیسر ڈاکٹر محمد ادریس لودھی، شعبہ علومِ اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، سیشن: خزاں ۲۰۱۵ء-۲۰۱۷ء (تکمیل شدہ)

51. صحت عامہ اور اسلامی ریاست کے فرائض[MA]، مقالہ نگار: راشدہ پروین، نگران: محمد ادریس لودھی، شعبہ علومِ اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، سیشن: ۲۰۰۱ء-۲۰۰۳ء

52. صحت و علاج سے متعلق فلاحی ریاست کی ذمہ داریاں: منتخب سرکاری ہسپتالوں کے بجٹ کا تجزیہ [MPhil اِسلامی معاشیات]، مقالہ نگار: حافظہ جویریہ انیس، نگران: ڈاکٹر عثمان احمد، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، سیشن ۲۰۱۷ء-۲۰۱۹ء (زیر تحقیق)

و)۔ طبی اخلاقیات و ضوابط اور اسلام (Medical Ethics, Regulations & Islam)

53. امراض نسواں کا علاج و معالجہ اور طبی اخلاقیات: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں[PhD]، مقالہ نگار: سین اکبر، نگران: ڈاکٹر عبد العلی اچک زئی، شعبہ علومِ اسلامیہ، بلوچستان یونیورسٹی، کوئٹہ، سیشن ۲۰۱۴ء-۲۰۱۶ء

54. پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے ضابطہ اخلاق کا شرعی جائزہ [MPhil]، مقالہ نگار: عبد الحکم بن سید قاسم، نگران: ڈاکٹر محمد طاہر، شعبہ علومِ اسلامیہ، عبد الولی خان یونیورسٹی، مردان، سیشن: ۲۰۱۶ء-۲۰۱۷ء، تاریخ مناقشہ: ۱۳ مارچ ۲۰۱۹ء (ص ۹۳)، PDF کاپی قابلِ رسائی

55. پاکستان میں مروجہ طبی اخلاقیات کا اسلامی تناظر میں جائزہ [MS]، مقالہ نگار: عمیرہ سلیم خان، نگران: ڈاکٹر محسنہ منیر، شعبہ علومِ اسلامیہ، لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی، لاہور، سیشن ۲۰۱۴ء-۲۰۱۶ء، سنِ تکمیل ۲۰۱۷ء

56. شرعی نقطہ نظر سے معالجین کے لیے اصول قواعد اور ضابطہ اخلاق کی پاسداری کا تحقیقی جائزہ [MPhil]، مقالہ نگار: محمد مریز بن لعل، نگران: ڈاکٹر مرسل فرمان، شعبہ علومِ اسلامیہ ودینیہ، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ، سنِ تکمیل ۲۰۱۵ء

57. طبی اخلاقیات: پاکستانی قوانین کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تحقیقی جائزہ [MPhil]، مقالہ نگار: جمیل الرحمٰن، نگران: ڈاکٹر الطاف حسین لنگڑیال، شعبہ علومِ اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، سیشن ۲۰۱۷ء-۲۰۱۹ء (تکمیل شدہ)

58. طبی اخلاقیات کے شرعی اصول وضوابط [MA]، مقالہ نگار: حافظ محمد شمس تبریز، نگران: ڈاکٹر محمود اختر، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی لاہور، ۲۰۰۸ء

59. علاج معالجہ: علمی و تحقیقی جائزہ [MPhil]، مقالہ نگار: سید کریم، نگران: ڈاکٹر مقدس اللہ، شعبہ علومِ اسلامیہ، قرطبہ یونیورسٹی، پشاور، سنِ تکمیل ۲۰۱۹ء

60. علم طب اور اخلاقیات قرآن وسنت کی روشنی میں [MA]، مقالہ نگار: طاہرہ فردوس، نگران: ناہید علی زئی، شعبۂ عربی، علومِ اسلامیہ و تحقیق، گومل یونیورسٹی، ڈیرہ اسماعیل خان، سیشن: ۲۰۱۰ء-۲۰۱۲ء

ز)۔ طب نبوی ﷺ، علاج بالحجامہ اور جدید میڈیکل سائنس، طب اسلامی، مسلم اطباء (Medicines of the Prophet PBUH , Hijama)

61. ابن سینا کے حالاتِ زندگی [MA]، مقالہ نگار: ثمائنہ امتیاز، نگران: ڈاکٹر جنید اکبر، شعبہ علومِ اسلامیہ و دینیہ، ہری پور یونیورسٹی، ہری پور، ۲۰۱۴ء (تکمیل شدہ)

62. ادب حدیث میں نباتات، درجہ بندی، حکم ومصالح: تحقیقی جائزہ [PhD]، مقالہ نگار: محمد انور قاسمی، نگران: ڈاکٹر فرحت نسیم علوی، شعبہ اسلامی وعربی علوم، سرگودھا یونیورسٹی، سرگودھا (زیر تحقیق)

63. امراض اطفال اور معالجات نبوی ﷺ [MPhil]، مقالہ نگار: حافظ محمد اسلم، نگران: ڈاکٹر علی اکبر قادری الازہری، فیکلٹی علوم اسلامیہ وشریعہ، منہاج یونیورسٹی، لاہور، ۲۰۱۱ء (تکمیل شدہ)

64. برصغیر کے نامور مسلمان اطباء [MA]، مقالہ نگار: محمد سلیم، نگران: پروفیسر محمد اسلم ملک، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۷۵ء

65. جدید میڈیکل سائنس پر طب اسلامی کے اثرات [MA]، مقالہ نگار: ارم رشید، نگران: عمر حیات انصاری، شعبہ علومِ اسلامیہ و عربی، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد، سیشن: ۲۰۰۴ء-۲۰۰۶ء

66. حجامہ: طبِّ نبوی اور طبِّ جدید کی روشنی میں [MPhil]، مقالہ نگار: فہیمہ، نگران: ڈاکٹر حافظ عبد المجید، شعبہ علومِ اسلامیہ، گومل یونیورسٹی، ڈیرہ اسماعیل خان، سیشن ۲۰۱۷ء-۲۰۱۹ء، سنِ مناقشہ: فروری ۲۰۱۹ء

67. حضور ﷺ بحیثیت طبیبِ اعظم [MA]، مقالہ نگار: صاحب زادہ ساجد حسین، نگران: پروفیسر اللہ دتہ طاہر، شعبہ علومِ اسلامیہ، کالج آف شریعہ اینڈ اسلامک سائنسز، منہاج یونیورسٹی، لاہور، سیشن ۲۰۰۶ء

68. دوا سازی میں مسلمانوں کی خدمات[MA]، مقالہ نگار: محمد زکریا ہرل، نگران: ڈاکٹر حافظ محمود اختر، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۸۳ء

69. سائنس وطب[MA]، مقالہ نگار: فضل علیم پراچہ، نگران: ڈاکٹر برہان احمد فاروقی، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۵۳ء

70. صحابیاتؓ کی طبی خدمات[MA]، مقالہ نگار: شفاقت پروین، نگران: حافظ محمد اسلم، شعبہ علومِ اسلامیہ، بہاءالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، سیشن: ۲۰۰۰ء-۲۰۰۲ء

71. طب اسلامی کے فروغ میں اطباء فیصل آباد کی خدمات کا جائزہ[MPhil]، مقالہ نگار: حافظ مرغوب احمد، نگران: ڈاکٹر محمد رمضان نجم باردی، شعبہ علومِ اسلامیہ، دی یونیورسٹی آف فیصل آباد، فیصل آباد، سیشن ۲۰۱۷ء-۲۰۱۹ء (مکمل)

72. طب مفرد اعضاء: قرآن وحدیث کے مطابق تحقیقی مطالعہ[MS]، مقالہ نگار: حفصہ شبیر راں، نگران: ڈاکٹر سلمہ محمود، شعبہ علومِ اسلامیہ، لاہور کالج فارویمن یونیورسٹی، لاہور، سیشن ۲۰۱۴ء-۲۰۱۶ء (تکمیل شدہ)

73. طبِ نبوی ﷺ[MA]، مقالہ نگار: شگفتہ کنول، نگران: ناہید علی زئی، شعبۂ علومِ اسلامیہ، گومل یونیورسٹی، ڈی-آئی خان، سیشن: ۱۹۹۴ء-۱۹۹۶ء

74. طب نبوی ﷺ اور اس کی عصری افادیت: صحاحِ ستہ کی مرویات کا خصوصی مطالعہ[MPhil]، مقالہ نگار: فیصل غوث، نگران: ڈاکٹر محمد عابد ندیم، شعبہ علومِ اسلامیہ، گیبریل(Gabriel) کالج، منڈی بہاء الدین، الحاق: جی سی یونیورسٹی، لاہور، سنِ داخلہ: ۲۰۱۵ء (تکمیل شدہ)

75. طب نبوی ﷺ اور عصر حاضر: ایک تحقیقی مطالعہ[MPhil]، مقالہ نگار: حافظ عبد الرؤف بن ارشد علی، نگران: ڈاکٹر حافظ شبیر احمد جامی، شعبہ علومِ اسلامیہ، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاول پور،، سیشن ۲۰۱۳ء-۲۰۱۵ء (تکمیل شدہ)

76. طب نبوی ﷺ پر ابنِ القیم کی زادالمعاد میں تشریحات کا عہد حاضر میں اطلاقی جائزہ[MPhil]، مقالہ نگار: سعدیہ ریاض، نگران: شاہانہ تبسم، شعبہ علومِ اسلامیہ وتقابل ادیان، دی ویمن یونیورسٹی، ملتان، سیشن ۲۰۱۵-۱۷ء (مکمل)

77. طب نبویؐ پر (پاکستان میں) تصنیفی کام کا تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ[MPhil]، مقالہ نگار: ظفر علی، نگران: پروفیسر ڈاکٹر غلام علی خان، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، سیشن ۲۰۰۴ء-۲۰۰۶ء (تکمیل شدہ)

78. طبِّ نبویؐ: قرآن وسنت کی روشنی میں ایک تحقیقی وعلمی مطالعہ[PhD]، مقالہ نگار: غزالہ علیم، نگران: ڈاکٹر حسام الدین منصوری، شعبہ اصول الدین، کلیہ معارفِ اسلامیہ، کراچی یونیورسٹی، کراچی، ۲۰۰۸ء PDF کاپی: prr.hec.gov.pk/jspui/ (ص۵۰۲) یہ مقالہ شعور صحت کونسل، آر ۱۵۸/۹، فیڈرل بی ایریا کراچی سے ۲۰۱۸ء میں شائع ہوا ہے (ص۴۲۶)

79. طب نبوی ﷺ کی اہمیت وافادیت[MA]، مقالہ نگار: سلمٰی زمان، نگران: ڈاکٹر ناہید علی زئی، شعبۂ عربی، علومِ اسلامیہ وتحقیق، گومل یونیورسٹی، ڈیرہ اسماعیل خان، سیشن: ۲۰۱۳ء-۲۰۱۵ء

80. طب نبوی ﷺ کے متعلق احادیث کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ[MA]، مقالہ نگار: عطیہ پروین، نگران: عبد الرحیم ریحانی، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۹۰ء

81. طبی نقطہ نظر سے ٹیلی ویژن کے بصری نقصانات[MA]، مقالہ نگار: عبد الغفور سعیدی، نگران: ڈاکٹر غلام علی خان، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۹۱ء

82. عصرِ جدید میں اسلامی فلسفہ طب کا تحقیقی پہلو: قرآن وسنت کی روشنی میں[PhD]، مقالہ نگار: سید محمد عثمان، کلیہ معارف اسلامیہ، کراچی یونیورسٹی، کراچی

83. عصر حاضر میں حجامہ: شرعی نقطہ نظر[MPhil]، مقالہ نگار: بازغہ عمر فاروقی، نگران: پروفیسر ڈاکٹر غلام علی خان، ادارہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۲۰۱۳ء (تکمیل شدہ)

84. عصری طبی مسائل کا تحقیقی جائزہ: شرح صحیح مسلم از علامہ غلام رسول سعیدیؒ کا خصوصی مطالعہ[MPhil]، مقالہ نگار: محمد اعجاز عطاری، نگران: ڈاکٹر سعید الرحمٰن، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، سیشن ۲۰۰۳ء-۲۰۰۵ء (ص ۱۶۶)

85. علاج بالحجامہ کا روایاتِ حدیث اور جدید میڈیکل سائنس کے تناظر میں تحقیقی جائزہ[MPhil]، مقالہ نگار: محمد عثمان، نگران: ڈاکٹر محمد طاہر، شعبہ علوم اسلامیہ، عبدالولی خان یونیورسٹی، مردان، سیشن: ۲۰۱۷ء- ۲۰۱۸ء، تاریخ مناقشہ: ۱۳ ستمبر ۲۰۱۹ء

86. علاج بالغذاء عہد نبویؐ میں: ایک تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ [PhD]، مقالہ نگار: ظفر عالم، نگران: ڈاکٹر ظہور اللہ الازہری، شعبہ علوم اسلامیہ، امپیریل کالج آف بزنس سٹڈیز(DAI)، لاہور، خزاں ۲۰۱۵ء (منظور شدہ/زیر تحقیق)

87. عہد نبویؐ کے اسلامی معاشرہ کی تشکیل میں خصوصی افراد کا کردار اور اس کا عصری اطلاق[MPhil]، مقالہ نگار: حمیرا افضل، نگران: ڈاکٹر عبدالقدوس صہیب، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، سیشن ۲۰۱۰-۱۲ء

88. عہد نبویؐ کے ماکولات ومشروبات: صحاح ستہ کا خصوصی مطالعہ [MPhil]، مقالہ نگار: آصفہ بانو، نگران: ڈاکٹر رضیہ شبانہ، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، سیشن ۲۰۱۴ء-۲۰۱۶ء (تکمیل شدہ)

89. عہد نبوی ﷺ میں شعبہ نرسنگ: مسلم خواتین کا کردار[MPhil]، مقالہ نگار: راحیلہ نذیر، نگران: ڈاکٹر حافظ خورشید احمد قادری، شعبہ علوم اسلامیہ، گیبریل(Gabriel) کالج، منڈی بہاء الدین، الحاق: جی سی یونیورسٹی، لاہور، سن داخلہ: ۲۰۱۵ء (تکمیل شدہ)

90. فضائل ورذائل اخلاق کے انسانی صحت وکردار پر اثرات: جدید سائنسی تحقیقات کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ [MPhil]، مقالہ نگار: ذیشان رؤف، نگران: پروفیسر ڈاکٹر الطاف حسین لنگڑیال، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، سیشن ۲۰۱۸ء-۲۰۲۰ء، سن منظوریٔ عنوان: ۲۰۱۹ء (زیر تحقیق)

91. قرآن میں مذکور پھلوں کے فوائد: طبی نقطہ نگاہ سے[MA] ، مقالہ نگار: محمد کامران، نگران: ڈاکٹر اکرام الحق الازہری، کلیہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، سیشن ۲۰۱۵ء-۲۰۱۶ء (ص ۹۰)

92. قرآن میں مذکورہ غذائی اشیاء کی حکمت اوران کے انسانی طبائع پر اثرات[MPhil]، مقالہ نگار: عابدہ شفاعت احمد، نگران: ڈاکٹر طاہرہ بشارت، ادارہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۲۰۰۷ء

93. قرآن وحدیث میں مذکور غذائی اشیاء کی حکمت کا میڈیکل سائنس اور علم طب کی روشنی میں تقابلی اور تجزیاتی مطالعہ[MPhil]، مقالہ نگار: محمد انور قاسمی، نگران: ڈاکٹر فرحت نسیم علوی، شعبہ علوم اسلامیہ، سرگودھا یونیورسٹی، سرگودھا، سن تکمیل ۲۰۱۴ء

94. قرآنی نباتات کے خواص وافادیت: طب جدید کے نقطہ نظر سے[PhD]، مقالہ نگار: فیاض احمد، نگران: ڈاکٹر صلاح الدین ثانی، شعبہ تاریخ اسلامی، کراچی یونیورسٹی، کراچی، سن تکمیل ۲۰۱۰ء (ص ۴۹۲) PDF کاپی رسائی: http://prr.hec.gov.pk/jspui

95. کتاب المرضیٰ (صحیح البخاری) کا منتخب اردو شروحات کی روشنی میں تحقیقی جائزہ[MPhil]، مقالہ نگار: بہاوش نو، نگران: ڈاکٹر نوید احمد شہزاد، شعبہ علوم اسلامیہ، رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی، فیصل آباد، سیشن: بہار ۲۰۱۷ء (تکمیل شدہ)

96. مرض اور علاج کا اسلامی تصور: قرآن وحدیث کی روشنی میں[MPhil]، مقالہ نگار: عطیہ بانو، نگران: ڈاکٹر عبد الخالق خان، ادارہ علوم اسلامیہ، میرپور یونیورسٹی آف سائنس وٹیکنالوجی، میرپور، آزاد کشمیر، سیشن ۲۰۱۳ء-۲۰۱۵ء

97. مسلم اطباء کا نظریہ تشخیص وعلاج: القانون فی الطب کی روشنی میں [MPhil]، مقالہ نگار: ، نگران: ڈاکٹر فیض اللہ بغدادی، فیکلٹی علوم اسلامیہ وشریعہ، منہاج یونیورسٹی، لاہور، سیشن: ۲۰۱۵ء- ۲۰۱۷ء خزاں (تکمیل شدہ)

98. مصنف ابن ابی شیبہ کی کتاب الطب کا جدید طب سے تقابلی مطالعہ [PhD]، مقالہ نگار: محمد راشد، نگران: ڈاکٹر محفوظ احمد، شعبہ علومِ اسلامیہ، دی یونیورسٹی آف لاہور، لاہور کیمپس، لاہور، داخلہ ۲۰۱۴ء، منظوری ۲۰۱۵ء (زیر تحقیق)

99. مضر صحت عوامل کے انسانی زندگی پر اثرات: احادیثِ نبویہ ﷺ کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ [PhD]، مقالہ نگار: محمد ساجد محبوب، نگران: ڈاکٹر حافظ افتخار احمد، شعبہ علوم اسلامیہ، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاول پور، سیشن ۲۰۱۸ء-۲۰۲۱ء (زیر تحقیق)

100. نباتات قرآنی پر اہم تصانیف کا تحقیقی مطالعہ [MPhil]، مقالہ نگار: محمد آصف بن عبد القیوم، نگران: ڈاکٹر سید از کیاء ہاشمی، شعبہ علومِ اسلامیہ ودینیہ، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ، سیشن داخلہ: بہار ۲۰۱۳ء

101. نبویؐ طریقہ علاج سے دورِ حاضر میں استفادہ کی معنویت کا مطالعہ: صحاحِ ستہ کے ابواب الطب کی روشنی میں [MPhil]، مقالہ نگار: محمد یعقوب حیدر، نگران: ڈاکٹر حافظ محمد سلیم، شعبہ علومِ اسلامیہ، محی الدین اسلامک یونیورسٹی، نیریاں شریف، آزاد کشمیر (جاری)

102. محکمہ صحت کے ملازمین کو درپیش مسائل اور اسلامی تعلیمات کی روشنی میں حل: فیصل آباد کے حوالے سے تجزیاتی مطالعہ [MPhil]، مقالہ نگار: عامر شہزاد، نگران: ڈاکٹر ایس ایم شریف، شعبہ علومِ اسلامیہ، رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی، فیصل آباد کیمپس، فیصل آباد، سیشن: ۲۰۱۹ء /۲۰۲۰ء، تاریخ منظوری: ۸ ستمبر ۲۰۲۰ء (زیر تحقیق)

103. میسر اور اس کی جدید شکلیں [MA]، مقالہ نگار: محمد بشیر اختر، نگران: ڈاکٹر محمد نواز چوہدری، شعبہ علومِ اسلامیہ و عربی، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد، سیشن: ۱۹۸۶ء-۱۹۸۸ء

104. ہسپتالوں کے قیام و ارتقاء میں مسلمانوں کا حصّہ [MA]، مقالہ نگار: عفت سلطانہ، نگران: ڈاکٹر ممتاز احمد سالک، ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۹۰ء

ح)۔ جدید طبی، تولیدی، سائنسی وفقہی مسائل (Current Medical Scientific & Juristic Issues)

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر اس سیکشن کو درج ذیل پانچ آٹھ عنوانات میں تقسیم کیا گیا ہے:

i. ٹیسٹ ٹیوب بے بی، حصولِ اولاد کے دیگر معاصر ذرائع (Test-Tube Baby & Modern Fertility Techniques/ Procedures)

105. ٹیسٹ ٹیوب بے بی کی شرعی حیثیت [MPhil]، مقالہ نگار: زاہدہ پروین، کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد، سنِ تکمیل ۱۹۹۵ء، ص ۲۰۱ (AIOU سنٹرل لائبریری اسلام آباد میں دستیاب)

106. ٹیسٹ ٹیوب بے بی کی شرعی حیثیت [MA]، مقالہ نگار: نصرت پروین، نگران: ڈاکٹر جمیلہ شوکت، ادارہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۹۰ء

107. ٹیسٹ ٹیوب بے بی کی شرعی حیثیت: ایک تحقیقی جائزہ [MA]، مقالہ نگار: خورشید احمد، نگران: ڈاکٹر محمد اکرم رانا، شعبہ علومِ اسلامیہ، کالج آف شریعہ اینڈ اسلامک سائنسز، منہاج یونیورسٹی، لاہور، سیشن ۲۰۱۵ء

108. ٹیسٹ ٹیوب بے بی کی شرعی حیثیت کا تحقیقی جائزہ [MPhil]، مقالہ نگار: عاصم الیاس، نگران: ڈاکٹر نگہت اکرم، شعبہ علومِ اسلامیہ، یونیورسٹی آف پونچھ، راولاکوٹ، آزاد جموں وکشمیر، سیشن ۲۰۱۴ء-۲۰۱۶ء، سنِ تکمیل ۲۰۱۸ء

109. حصول اولاد کے جدید ذرائع: شریعت اسلامی کی روشنی میں تحقیقی و تنقیدی جائزہ [MPhil]، مقالہ نگار: ساجدہ متین، نگران: ڈاکٹر ایس ایم شریف ، معاون نگران: عبد الرزاق، شعبہ علوم اسلامیہ، رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی، فیصل آباد، منظوری: ۲۰۲۰ء (جاری)

ii. **جدید مسائل زچہ وبچہ، حمل ورِحم اور شریعت (Modern Issues of Mother & Child, Pregnancy & Uterus)**

